جامع تعلیم کرناٹک

ڈائرکٹر آف اسٹیٹ پلاننگ کا دفتر، کمشنر آف پبلک ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ انیکس بلڈنگ، نرپتونگا روڈ، بنگلور-01۔

SSK/QA/NaliKali/VP-KC/C.Upolad/2022-23    22/04/2024

# سرکلر

موضوع: تعلیمی سال 25-2024 میں کنڑ اور اردو میڈیم یونٹوں میں کی جانے والی اہم سرگرمیوں کے بارے میں، نگرانی کے اقدامات اور تعمیل کے لیے اٹھائے جانے والے ضروری اقدامات۔

پس منظر:

ریاست کرناٹک کے سرکاری پرائمری اسکولوں میں کنڑ میڈیم کی کلاس 01 سے کلاس 03 تک اور اردو میڈیم کی کلاس 01 اور 02 تک نلیکالی ٹیچنگ اینڈ لرننگ سسٹم کی پیروی کی جارہی ہے، مذکورہ سرکلران سرگرمیوں پر روشنی ڈالتا ہے جن کی کلاس 01 میں لازمی طور پر پیروی کی جانی چاہئے۔ اردو میڈیم کا 25-2024 کے تعلیمی سیشن میں، جیسا کہ نئی پریکٹیکل نلیکالی نصابی کتب کو اپنایا جارہا ہے، نلیکالی کلاسز میں کچھ ضروری تبدیلیوں کو لاگو کرنا ضروری ہے، اور اس سلسلے میں، مختلف سطح کے عہدیداروں اور تعلیمی گائیڈز/ریسورس پرسنز اور اساتذہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ فعال اور غور و فکر کے ساتھ مطالعہ کرنے والا بنیں۔

نلی کلی کلاس روم سیکھنے کے عمل میں، تین اہم پروگرام

1. ودیاپرویش/اسکول کی تیاری کا پروگرام

2. سیتوبندھا/پل بندھ کاروائی

3. دس سنگ میلوں میں منقسم مضامین کی تعلیم کو فالو کرنا ہے۔

باضابطہ اقدامات ذیل میں بتائے گئے ہیں اور اس کے ذریعہ یہ

مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ہر ضلع اور بلاک سطح کے حکام کو اسکولوں میں ان کے نفاذ اور مسلسل تعمیل کے لئے ضروری اقدامات کرنے چاہئیں۔

a) درج ذیل اکائیوں میں اٹھائے جانے والے ضروری اقدامات:

1. کل 40 دن کا ودیاپرویش/اسکول تیاری پروگرام لازمی طور پر 01 جون سے 19 جولائی تک نلیکالی یونٹوں میں کلاس 01 کے بچوں کے لیے منعقد کیا جاتا ہے۔ (یہ اصول دوسرے میڈیا میں کلینالی کلاسز پر بھی لاگو ہوتا ہے)

2. 40 دنوں کی نظر ثانی شدہ سرگرمیاں ودیاپرویش کے حصے کے طور پر تیار کی جائیں گی اور DSERT کی ویب سائٹ (https://dsert.karnataka.gov.in) پر شائع کی جائیں گی اور مذکورہ سرگرمیوں کی سافٹ کاپی تمام ڈائیٹس کو ای میل کی جائے گی۔

3. بچوں کی تعلیمی سرگرمیوں کو 'V.P' کے عنوان سے نصابی کتب میں نلیکالی مشق کے ساتھ شامل کیا گیا ہے جو ودیاوکاس یوجنا کے ذریعے مفت تقسیم کے تحت فراہم کی جارہی ہیں اور کلاس رومز میں ان کا انتظام لازمی ہے۔

Translation: Yaseen Bhikba

4. اگر کوئی طالب علم مقررہ 40 دنوں سے پہلے ودیا انتراڈا پروگرام کی سرگرمیاں مکمل کر لیتا ہے، تو ایسے طالب علم کو موجودہ سال کے سیکھنے کے نتائج/مضامین کو سیکھنے کا موقع فراہم کرنا۔ تعلیمی داخلہ پروگرام (ودھیا پرویش) کے اختتام تک ہر طالب علم کی تشخیص کا ریکارڈ منظم طریقے سے برقرار رکھیں، انہیں بچوں کا جائزہ(CHILD PROFILE ) میں ریکارڈ کریں۔

5. نلیکالی یونٹس میں کلاس 02 اور 03 کے بچوں کے لیے 01 جون سے 30 جون تک سیتو بندھا پروگرام کا لازمی انعقاد۔ بچوں کی پریکٹس کی نصابی کتابوں میں ' پل بند' کے عنوان سے سیکھنے کی سرگرمیاں لاگو کی گئی ہیں، اور مذکورہ سرگرمیوں کو سہولت کاروں کو دی گئی ہدایات کے مطابق لازمی طور پر برقرار رکھا جانا ہے۔

6. موجودہ تعلیمی سال 25-2024 میں، نلیکالی پریکٹس کی نصابی کتب کو پارٹ-01 اور پارٹ-02 میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پارٹ 01 میں سنگ میل 01 سے 04 تک کی سرگرمیوں کو مواد کے ساتھ ترتیب دیا گیا ہے اور پارٹ 02 میں سنگ میل 05 سے 10 تک کی سرگرمیوں کو مندرجات کے ساتھ ترتیب دیا گیا ہے اور اسی کے مطابق سیکھنے کی سیڑھی اور پیش رفت کی رپورٹ تیار کی گئی ہے۔ سہولت کار اس طرح کلاس روم میں سیکھنے کے عمل کو منظم کرتے ہیں۔

7. تحریر-مشق-خود تشخیص کے وافر مواقع فراہم کیے گئے ہیں، سہولت کاروں کو انتظامیہ کے بعد ان کی جانچ پڑتال کرنے، بچوں سے ہونے والی غلطیوں کو درست کرنے، مناسب رائے دینے اور بچے کے سیکھنے کی مسلسل نشوونما کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔

8. نلیکالی کلاسیں بڑے پیمانے پر گروپ کے استعمال کے لیے فراہم کرتی ہیں جن میں 1. تعلیمی گروپ 2. پریکٹس/پریکٹس گروپ اور 3. تمام مضامین کے لیے تشخیصی گروپ۔ ہر سیشن پہلے کی طرح 80 منٹ پر مشتمل ہوتا ہے۔

9. مرکز پر مبنی یونیورسل اسیسمنٹ/مطالعہ پروگرام جو نپن بھارت کے ذریعے جو 27-2026 میں کلاس 03 کے بچوں کے لیے لاگو کیا جائے گا، سیکھنے کے نتائج پر توجہ مرکوز کرے گا تاکہ سہولت کار کلاس روم میں سیکھنے کے مناسب عمل کی منصوبہ بندی کرنے میں ماہر ہوں تاکہ انہیں فوری طور پر سمجھا جاسکے۔

10. اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں کہ ہفتے کے روز سیکھنے کے دورانیے میں 03 گھنٹے اور ہفتے کے باقی دنوں میں روزانہ 05 گھنٹے بچوں کے سیکھنے کے لیے استعمال کیے جائیں۔

b) انگریزی زبان (ENK) پروگرام کے نفاذ سے متعلق اقدامات:

11. ENK لیول-01، لیول-02 اور لیول-03 کے نصاب کی تکمیل نلیکالی یونٹس میں دوسری زبان کے مضمون کے طور پر انگریزی کے لیے لازمی ہے۔

12. کلاس 01 میں داخلے کے 40 دن کے بعد، ENK لیول-01 کی سیڑھی کے طور پر ضروری اقدامات کیے جائیں۔

13. کلاس 02 اور 03 میں ابتدائی تعلیم 30 دنوں کے سیتھو بندھا کے ساتھ کی جانی چاہیے اور ضمیمہ کے مطابق نظر ثانی شدہ سیتھو بندھا کی سرگرمیوں کے شیڈول پر عمل کرنا چاہیے۔

14. سیٹو بندھا کا نصاب 20% سننے اور بولنے (L&S) اور 80% پڑھنے اور لکھنے (R&W) پر مرکوز ہے۔

15. زبان کے کھیل اور بات چیت کے حلقوں کو L&S کے حصے کے طور پر منتخب کیا جاتا ہے تاکہ عملی گرامر اور الفاظ کے ساتھ ساتھ بصری الفاظ کے طریقوں کو تیار کیا جاسکے۔

Translation: Yaseen Bhikba

16.'I spy'اور"Simon Says،'Fire in the mountain'،Passing the Parcel"،ان کے لیے گرائمر کے تصورات کی اہمیت کے پیش نظرا سٹیج پر استعمال کرنا مناسب ہے۔

17. بات چیت کے حلقے 2، بچوں کو زبانی طور پر سوالات کے جواب دینے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں جیسے کہ ملکیتی ضمیر، زمان، واحد اور جمع، apostropheکا استعمال، ہم، وہ، ان کا اور ہمارے 'کا استعمال اور اس کے بارے میں مزید مشق کریں۔(مدت کا انتظام: R&W 2کے 30 منٹ کے ساتھ شروع کریں۔اس کے بعد L&S 3 کے 20منٹ۔R&W کے 30منٹ کے ساتھ اختتام)

18. پہلی جماعت کے طلباء کو تعلیمی داخلی سر گرمیاں مکمل کرنے اور کلاس 02اور 03 کے طلباء کے لیے مذکورہ مدت کے مطابق برجنگ سر گرمیاں شروع کرنے کی ہدایت کرنا۔ان تصورات/موضوعات پر خصوصی توجہ دینا جن کو سمجھنا مشکل ہے۔

19. استاد بچوں کو لکھنے کی مشق/تفویض کردہ کام کے لیے 04لائن والی نوٹ بک استعمال کرنے کے لیے رہنمائی کرے۔ مشقوں کی توثیق اور مناسب رہنمائی فراہم کرنے کے لیے باقاعدہ اسائنمنٹس ضروری ہیں۔

20. کلاس 02اور 03میں سیتو بندھا کے ساتھ ابتدائی سیکھنے کے لیے تیار کرد 40+05دنوں کے پیٹرن پر عمل کرتے ہوئے، FA-01کا جائزہ لیں۔اس مرحلے پر، 'Let us Do'اور'I Can Do' کے تشخیصی کارڈ استعمال کیے جاسکتے ہیں، اور ان کے ساتھ بچوں کی املا کی صلاحیت کو جانچنے کے لیے الفاظ کی ڈکٹیشن کو بھی تشخیصن میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

ENK.21:لیول-03 کے نصاب پر کلاس سیکھنے کے عمل کی وضاحت کے لیے ویڈیوز تیار کریں اور انہیں DSERTکی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کریں۔اساتذہ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ دیکشا پورٹل پر پہلے سے اپ لوڈ کردہ ENKویڈیو مواد کو دیکھیں۔

e)نلیکالی یونٹس کے لیے تشخیصی طریقہ کار کے لیے رہنما خطوط:

22. ہر مشق کے ساتھ نصابی کتب کے آخر میں مضمون کے لحاظ سے سیکھنے کے نتائج دیے جاتے ہیں۔ان سیکھنے کے نتائج کی درجہ بندی FA04اور SA02 تشخیص اور مشغولیت کے مطابق کی گئی ہے۔ تشخیصی عمل کے دوران سہولت کاران کا جائزہ لیتے ہیں۔

23. ہر تشخیص کے اختتام پر کلاسوں کو دی گئی ماہانہ سیکھنے کی سیڑھی کی تفصیلات پر لازمی غور کرنا۔

24. ہر سطح پر اساتذہ کی طرف سے تیار کردہ سوالیہ پرچہ تیار کرکے یا نلیکالی یونٹوں میں سیکھنے کے نتائج پر مبنی ماڈل سوالیہ پرچہ بنا کر تشخیص کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔

25. تمام بچوں کی سیکھنے کی رفتار سے آگاہ رہیں۔امتحانی مہینے کے اختتام پر طے شدہ کل سیکھنے کے نتائج کے 80%کو مد نظر رکھتے ہوئے سوالیہ پرچہ تیار کرنا۔

26. اگلے اسیسمنٹ میں سوالیہ پرچہ ڈیزائن کرتے وقت، سیکھنے کے 20% نتائج پر غور کریں جو پہلے چھوڑے گئے ہیں اور کل 80% سیکھنے کے نتائج کے لیے سوالیہ پرچہ ڈیزائن کریں۔

SA-01.27 کے لیے 80% سیکھنے کے نتائج کو مد نظر رکھتے ہوئے، سوالیہ پرچہ ڈیزائن کریں، SA-02 کے لیے 100% سیکھنے کے نتائج کے لیے سوالیہ پیپر ڈیزائن کریں۔

28. مقررہ کل سیکھنے کے نتائج کے لیے طالب علم کے حاصل کردہ سیکھنے کے نتائج کی بنیاد پر نمبر کو گریڈ میں تبدیل کرنا۔ نمبروں اور رینک کی بنیاد پر ضروری ریکارڈ/پروگریس ریکارڈ کی دیکھ بھال کے لیے ضروری کارروائی کرنا۔

Translation: Yaseen Bhikba

29.ایسے طلبا کو اضافی بازگیری (feedback) فراہم کریں جو مکمل سیکھنے کے نتائج حاصل کرنے سے قاصر ہیں، انہیں انفرادی رہنمائی کے ساتھ سیکھنے کے عمل کو جاری رکھنے اور سیکھنے کے متعین اہداف کی طرف بڑھنے کی ترغیب دیں۔

(e) نلیکالی یونٹس کی نگرانی اور تعمیل کی ذمہ داریاں:

30. ضلعی سطح پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈ منسٹریشن اور ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ جن کی سربراہی APC،DYPC، ڈائیٹ نلیکالی نوڈل آفیسر، تمام ڈائیٹ تمام بلاکس کے لیکچررز، بی ای اوز اور بی آر سی کو مذکورہ سرکلر کے طریقہ کار پر بات کرنے کے لیے مدعو کریں اور تعمیل کے لیے مناسب ذمہ داری تفویض کریں۔

31. اسکولوں کا دورہ کرنے والے کسی بھی عہدیدار یا فیلڈ / کلسٹر سطح کے وسائل کے افراد کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ ذاتی طور پر چیک کریں کہ بچوں نے پریکٹس کے ساتھ نصابی کتابوں میں سرگرمی کی شیٹیں بھی انجام دی ہیں اور سیکھنے کو یقینی بنائیں۔ تمام سطحوں کے عہدیداروں سے کہا گیا ہے کہ وہ پرائمری کلاس کے بچوں کی پڑھائی میں معیار کو برقرار رکھیں اور اسکول کے باقاعدہ دورے کرکے موثر نگرانی اور رہنمائی کریں۔ مندرجہ ذیل اکائیوں میں مذکورہ سرکلر میں مذکور نگرانی اور تعمیل کے اقدامات کو نافذ کرنے کے لیے ضروری اقدامات کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔

حوالے کے ساتھ،

ریاستی منصوبہ بندی ڈائریکٹر جامع تعلیم کرناٹک بنگلور 22

Translation: Yaseen Bhikba

https://youtube.com/@alilmeducation1290?si=JFqMYqxcz2gskF3O